شاہ صاحب
افتخار الحسن
رحمۃ اللہ علیہ

کی
تقریریں

مرتب

محمد لطیف ساجد

چشتی کتب خانہ جھنگ بازار ارشد مارکیٹ فیصل آباد

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں

شہبازِ خطابت

صاحبزادہ

افتخار الحسن

شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی

تقریریں

مرتب
محمد لطیف ساجد

ناشر
نذیر احمد

marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب	صاحبزادہ افتخار الحسن کی تقریریں
مرتب	صاحبزادہ محمد لطیف ساجد
پہلی بار	١٩٩١ء
تعداد	ایک ہزار
مطبع	پاکستان آرٹ پریس
طابع	محمد شفیق مجاہد
صفحات	١٧٦
ہدیہ	۷۵/- روپے

ملنے کے پتے

خزینہ علم وادب

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور فون: 7314169

چشتی کتب خانہ اینڈ کیسٹ سنٹر

آفس ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد فون: 041 - 646756

سب آفس: داتا دربار سونے کے دروازے کے بالمقابل گلی میں دربار مارکیٹ لاہور

marfat.com

انتساب

منبعِ فیض رُوحانی نقشِ لاثانی

حضرت پیر سید علی حسین شاہ رحمۃ اللہ علیہ

کے نام :-

گدائے آلِ رسول

محمد لطیف ساجد

marfat.com

نذرِ عقیدت

سرورِ کائنات کے سچّے عاشق حضرت اویس قرنی
کی بارگاہ میں نہایت احترام کے ساتھ

خادم الاولیاء والعلماء
محمد لطیف ساجد

marfat.com

فہرست

ابتدائیہ ۹
شہباز خطابت ۱۳

شان قرآن ۲۳

شان اولیا ۳۸

ولی چھپے ہوئے ہیں ۳۹
اندھے کو بینا کردیا ۴۲
گونگے کو زبان دے دی ۴۳
حضور نے گونگے کو زبان دے دی ۴۴
غوث پاک کی کرامت ۴۵
شیطان حضور کی شکل میں نہیں آسکتا ۴۵
شیطان قبر میں آتا ہے ۴۶
شیطان مرشد کی شکل میں نہیں آسکتا ۴۷
حضور نے لاٹھی روشن کردی ۴۷
عصائے موسیٰ ۴۸
غوث پاک کا عصا مبارک ۴۸
پچھاں نال ہوجاؤ ۵۱
یہودی کا قصہ ۵۲
یوسف کا کرتہ ۵۲

شان صحابہ ۵۵

خلفائے رسول اور حرف عین ۵۵
انعام والوں کا راستہ ۵۶
والصدیقین ۵۷
وا شہداء ۵۷
صداقت صفت انبیاء ہے
خلیفہ خدا اور خلیفہ مصطفیٰ ۵۸
حضرت علیؓ نے حضور ابوبکرؓ کی خلافت مانی ۶۱
حضرت عائشہ کی چادر کا جھنڈا ۶۳
عیسیٰ کا کلام ۶۵
حضرت عائشہؓ ہماری ماں ہیں ۶۶
حضرت علی ہمارے مولا ہیں ۶۷
حسن مصطفیٰ اور حجاب نور ۶۸

marfat.com

اللہ درود پڑھتا ہے ۶۸
دستار بندی ۶۹
محمد کو بلایا جارہا ہے ۶۹
پردہ مخلوق کے لئے ہے ۷۱
خدا نہیں مصطفیٰ پردے میں ۷۳
دستار بندی اور معراج ۷۳

معراج مصطفیٰ ۷۵

حضور اپنے جسم کے ساتھ معراج پر گئے ۷۸
رب کہاں ہے ۷۹
حضور نے اپنی آنکھوں سے رب کو دیکھا ۸۰
پردہ خالق کے لئے نہیں ۸۰
محمد پردے سے باہر آئے ۸۲
خدا جہت سے پاک ۸۲
خدا نے سب علوم دے دئے ۸۳
علم کل عطا کیا گیا ۸۳
سبحان الذی اسری بعبدہ ۸۵
بچہ کیسے بولے گا؟ ۸۶
جشن معراج ۸۷
ملائکہ کی محفل ۸۸
نبی آیا تے جھنڈے ۸۹
قیامت کا دن ۸۹
نبی مرتا نہیں ۹۰
جبرئیل کی آمد ۹۰
میری حقیقت کو کوئی نہیں جانتا ۹۱
نبی کی بے نیازی ۹۵
محدث اعظم اور پردہ پوشی ۹۶
خدا کی جنت، مصطفیٰ کی جنت ۹۷

عظمت والدین ۱۰۰

حضرت ابراہیم کی دعا ۱۰۰
دعائے مغفرت انبیاء کی سنت ۱۰۱
کافروں کے لئے دعا حرام ہے ۱۰۱
ماں کی دعا تقدیر بدل سکتی ہے ۱۰۲
حضرت بایزید اور ماں کا ادب ۱۰۳
والدین کو دیکھنا عبادت ہے ۱۰۳
سوچ کا ثواب ۱۰۵

marfat.com

ماں کی دعا سے بچہ زندہ ہوگیا ۱۰۵
احترام ماں اور اویس قرنی ۱۰۶
حضور کی اپنی والدہ سے محبت ۱۰۸
ماں کی آواز پر نماز توڑ دیتا ۱۰۹
نبی آواز مارے تے فرض، ماں آواز مارے تے نفل چھڈ دیو ۱۱۰
سیدہ حلیمہ کا احترام ۱۱۰
حضرت سلیمان کا واقعہ ۱۱۱
خدمت ماں کا صلہ ۱۱۲
حضرت امام حسن اور ماں کا ادب ۱۱۳
ماں کی عظمت اور حضرت یوسف ۱۱۵
بنی اسرائیل کے نوجوان کا واقعہ ۱۱۷
ماں کی رضا جنت کی چابی ۱۱۸

درس قرآن ۱۲۰

سارا کلام کلام اللہ ۱۲۰
سورت اللہ کوئی نہیں ۱۲۰
ولی کی گئے اور قرآن ۱۲۱
حضرت عمر نے پکارا ۱۲۲
قرب خدا اور ولی ۱۲۳
انا الحق بن جاندے اں ۱۲۴
ولی کی گئے کی کرامت ۱۲۴
مردہ زندہ ہوگیا ۱۲۵
پیر مہر علی شاہ اور مرزا قادیانی ۱۲۶
تحریک ختم نبوت کے سچے مجاہد ۱۲۷
پیر مہر علی اور ایک انگریز ۱۲۷
تم اپنی زندگی پیش کرو ۱۲۸
عطا اللہ شاہ بخاری اور پاکستان ۱۲۹
پاکستان یا قاتستان ۱۲۹
پاکستان اولیاء نے بنایا ۱۳۰
ہم اس کی حفاظت کریں گے ۱۳۰
انسان کا دل مرکز ہے ۱۳۱
نبی مومنوں کی جان سے قریب ۱۳۲
فقیر مرتا نہیں ۱۳۳
نبی نہیں مرتے ۱۳۴
اہل حدیث ہو تو حدیث کو مانو ۱۳۴
میرے نبی کول آ جاؤ ۱۳۶
غوث پاک اور ایک مرید ۱۳۶

marfat.com

دل مردا دل نہیں ہے ۱۳۶
حضورؐ کے روضہ سے آذان کی آواز ۱۳۷
جنت کے وارث اولیاء اللہ ۱۳۷
فرشتے حضورؐ کے روضہ پر آتے ہیں ۱۳۸
مومن کی حرمت کعبہ سے زیادہ ہے ۱۳۹
اللہ دیتا ہے حضورؐ تقسیم فرماتے ہیں ۱۴۰

شان رسالت

۱۴۳
کعبہ غیراللہ ہے ۱۴۴
انعام یافتہ لوگ ۱۴۶
تعمیر کعبہ اور غیراللہ ۱۴۷
ایک مسئلہ ۱۴۸
حضورؐ کی شان محبوبی ۱۴۸
تمام دنیا کو پیغام حج ۱۴۹
کیا غیراللہ کو پکارنا شرک ہے ۱۴۹
لبیک لبیک ۱۵۰
رحمت دا پرنالہ ۱۵۰
ستر انبیاء کی قبریں ۱۵۱
قبریں اور جنت ۱۵۱
پتھر دی شان ۱۵۲
یا نبیؐ سلام علیک ۱۵۲
نبی حاضر و ناظر ۱۵۳
سلام کہنا سنت جواب دینا فرض ۱۵۳
آخری حج میں نبیوں کی آمد ۱۵۴
حضورؐ کا حسن چھپا ہے ۱۵۵
ستر ہزار پردے ۱۵۵
ابوبکرؓ سے خطاب ۱۵۶
نبی اور بشریت ۱۵۶
ستر ہزار فرشتہ دربار نبی پر ۱۵۹
مصطفیٰؐ جان رحمت پہ لاکھوں سلام ۱۶۱
حضرت ابوبکرؓ اور حیات نبیؐ ۱۶۲
حضرت ربیعہ کا واقعہ ۱۶۳
جمے نوں مرجاں گے ۱۶۳
ابوالحسن خرقانی اور رحمت خدا ۱۶۴
بایزید بسطامی کا واقعہ ۱۶۵

marfat.com

ابتدائیہ

نامور علمائے اہلسنت کی نثری تقریروں کے سلسلہ کی پہلی کتاب "شہنشاہ خطابت" حضرت صاحبزادہ افتخار الحسن شاہ صاحب کی تقاریر پر مشتمل ہے۔ نثری تقاریر کو قرطاس پر منتقل کرنا بظاہر آسان نظر آتا ہے۔ حقیقتاً نہایت مشکل اور کٹھن کام ہے۔

علمائے اہلسنت کی نثری تقاریر کی پہلی کتاب "سید محمد ہاشمی" المعروف

marfat.com

ہاشمی میاں آف انڈیا کی تقاریر پر مشتمل مرتب ہو چکی تھی۔ لیکن احباب کا اصرار تھا کہ ہاشمی میاں کی تقاریر سے پہلے سرمایہ اہلسنت شہباز خطابت صاحبزادہ افتخار الحسن شاہ صاحب کی کتاب طبع کی جائے صاحبزادہ صاحب کی آواز کو کیسٹ کے فیتہ سے کاغذ پر منتقل کرنے کا تجربہ بہت مشکل اور خوبصورت تھا۔ میرا خیال تھا آپ کی تقاریر کو مکمل طور پر اردو میں پیش کیا جائے مگر صاحبزادہ صاحب کا انداز خطابت یہ تھا کہ وہ بات اردو میں شروع کرتے لیکن ایک ہی جملے کو پنجابی اور اردو دونوں زبانوں میں اس طرح مزین کرتے کہ سامعین ایک عجیب قسم کی لذت حاصل کرتے' اس صورت کے پیش نظر والد گرامی حضرت علامہ صائم چشتی صاحب نے میری اس بات سے اتفاق نہ کیا کہ صاحبزادہ صاحب کی تقاریر کو مکمل طور پر اردو میں منتقل کردوں بلکہ آپ نے اس بات کا حکم فرمایا کہ صاحبزادہ صاحب کی تقاریر کو من و عن نوٹ کیا جائے۔ صاحبزادہ صاحب کا حسن خطابت اور آپ کی نکتہ آفرینیوں کے جو جلوے آپ اس کتاب میں ملاحظہ فرمائیں گے۔ اس سے آپ پر یہی ظاہر ہو گا کہ ہم شہنشاہ خطابت کے سامنے بیٹھے ان کے حسن خطابت کے مزے لے رہے ہیں۔

"شہنشاہ خطابت" کی تقاریر کی ترتیب میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ کہ تقریر کا ربط قائم رہے۔ نیز آپ کی تقاریر کے عنوانات قائم کر دیئے ہیں تاکہ قاری کے لئے موضوع سمجھنے میں آسانی رہے۔

حقیقت یہ ہے کہ جس قدر عجلت میں یہ کام پایہ تکمیل کو پہنچا ہے

marfat.com

اس میں خداوند قدوس کا خاص فضل و کرم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا خصوصی لطف و عنایت اور صاحبزادہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ سے عقیدت کا والہانہ جزبہ کار فرما ہے۔ صاحبزادہ صاحب سے میرا روحانی رشتہ بھی ہے۔ آپ بھی آستانہ عالیہ علی پور شریف کے خدام میں سے ہیں اور مجھے بھی اسی گھر کی غلامی کا شرف حاصل ہے۔ میرا خیال تھا کہ کتاب صاحبزادہ صاحب کے چہلم سے پہلے پہلے چھپ جائے۔ لیکن بوجوہ یہ کام تاخیر کا شکار ہو گیا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے میری آرزو کو پورا کرنے کے اسباب پیدا فرما دیئے کتاب کی کتابت بذریعہ کمپیوٹر کروا لی گئی اور اس طرح یہ کتاب انتہائی مختصر عرصہ میں طبع ہو کر آپ کے ہاتھوں میں پہنچ گئی۔

کتاب کی تدوین و ترتیب میں اگر کوئی سہو ہو گیا ہو تو اسے میری کم علمی پر محمول کرتے ہوئے آگاہ فرما دیا جائے تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اسے درست کر دیا جائے۔

محمد لطیف ساجد

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

شہباز خطابت

از علامہ صائم چشتی

صاجزادہ افتخار الحسن کو شامل نہ کریں تو خطابت کی تاریخ تکمیل پذیر نہیں ہوتی۔

صاجزادہ افتخار الحسن ایک مقرر ہی نہیں ایک عہد ساز شخصیت بھی تھے۔

وہ ایک عالم ہی نہیں شعلہ نوا خطیب بھی'

وہ محض خطیب ہی نہیں ایک منجھے ہوئے ادیب بھی تھے۔

"کم لوگ ایسے ہوتے ہیں جو بیک وقت جانے ہوئے ادیب بھی ہوں اور مانے ہوئے خطیب بھی' تحریر کے میدان میں قدم رکھیں تو ایک ایک لفظ کو سینے کی گہرائیوں میں اتار دیں تقریر کی دنیا میں جلوہ افروز ہوں تو دلوں کی دنیا میں انقلاب برپا کر دیں۔ صاجزادہ افتخار الحسن انہی خوش نصیب حضرات میں سے ایک تھے۔"

وہ مولانا ظفر علی خاں کی طرح سلطنت تحریر کے بھی بادشاہ تھے اور

marfat.com

مملکت تقریر کے بھی تاجدار تھے۔

وہ بیک وقت شہسوارِ عرصۂ خطابت بھی تھے اور قلم کے دھنی بھی راہوارِ قلم چلتا تو منزلوں کا تعین کئے بغیر آگے اور آگے اور آگے بڑھتا ہی چلا جاتا میں نے صاحبزادہ صاحب کا شباب بھی دیکھا ہے۔ اور کہولت بھی، شباب بڑھاپے سے خوبصورت اور بڑھاپا شباب سے زیادہ دلاویز۔

میں نے انہیں جوانی میں احباب کے جھرمٹ میں گلیوں بازاروں سے گزرتا دیکھا نگاہیں اوپر اُٹھانا تو دور کی بات ہے وہ اِدھر اُدھر بھی نہیں دیکھتے تھے چھڑی ہاتھ میں ہے اور نگاہیں زمیں پر گڑی ہوئی ہیں عجیب وضع دار آدمی تھے۔

مہمان نوازی کے بارے میں فرماتے تھے میری ماں نے مجھے نصیحت کی تھی اِفتخار لوگوں کے لئے دروازے بھی کھلے رکھنا اور دستر خوان بھی کھلا رکھنا یہ حکم مجھے میرے مرشد قبلۂ عالم سرکارِ لاثانی رحمتہ اللہ علیہ نے دیا تھا پھر کہتے ماں سے کیا ہُوا وعدہ پورا کر رہا ہوں۔ اور مزے میں ہوں۔

ایک مرتبہ کہنے لگے چشتی ایک بات تو بتا؟ میں نے کہا پوچھیں فرمایا! ہمارے بعض احباب گلیوں بازاروں سے گزرتے ہوئے آنکھیں پھاڑ کر اِدھر اُدھر کیوں دیکھتے ہیں میں نے کہا! یہ تو وہی حضرات بتا سکیں گے ان سے پوچھیں۔

فرمایا! اچھا یہ بتا چلتے وقت نگاہیں نیچے رکھنے میں کیا فائدہ ہے؟ میں نے کہا! یہ تو آپ کے بھی تجربے میں ہے۔ بزرگوں سے ایک بات سنی ہے

marfat.com

ٹھیڈا نہیں لگدا اچھل کر بولے اِکواری پھر آکھیں ناں کی آکھیا
میں نے کہا! نظراں نیویاں کر کے چلن نال ٹھیڈا نہیں لگدا
فرمایا! خدا کی قسم یہی بات ہے ناں پیر نوں ٹھیڈا لگدا اے ناں ایمان نوں ٹھیڈا لگدا اے عجیب مرنجاں مرنج قسم کی شخصیت تھی۔ دل کے ہر کرب کو مسکراہٹوں میں چھپا لینے والی شخصیت ان کے بارے میں محض اپنی معلومات کو ہی جمع کروں تو ضخیم کتاب بن جائے۔ جوانی میں عشق رسولؐ میں ڈوب کر وعظ کر رہے ہوتے تو الفاظ میں قوت پیدا کرتے وقت ہاتھ ضرب سے سامنے پڑے میز کو ٹکڑوں میں تبدیل کر دیتے اپنی ہی بات سے وجد میں آکر کرسی سے کھڑے ہو جاتے۔

بڑھاپا اور بیماری اکٹھے آئے تو میزوں کو بھی امان مل گئی۔ اور نکتہ آفرینیوں کی بھی انتہا ہو گئی ہر بات میں نکتہ ہر موڑ پہ نکتہ۔ ان نکتہ آفرینیوں میں کھو جانے والے سامعین جوانی کی پرشکوہ تقریروں کو بھی بھول جاتے سچی بات یہ ہے کہ وہ بڑھاپے میں بھی جوان تھے۔ عشق رسولؐ جوانی پر تھا محبت اہل بیت شباب پر تھی۔ ایک عرصہ سے موت و حیات کی جنگ جاری تھی۔

زندگی کی تلخیاں اس کی بلند ہمتی کے سامنے بے بس تھیں۔

قبر کی آغوش میں جانے سے چند ماہ پہلے ہسپتال کے ڈاکٹروں نے دل کے دورہ کو شدت سے محسوس کیا بھی اور کروایا بھی انہیں ڈر تھا میدان خطابت کا یہ شہسوار اپنے لا ابالی پن سے کہیں زندگی کی بازی نہ ہار دے۔

marfat.com

اس تصور سے معالجین کی بھی جان جاتی تھی۔ مرض کی شدت کو پوری قوت سے باور کرایا۔ احتیاطی تدابیر میں سب سے اہم بات یہ تھی آج سے وعظ نہیں کریں گے۔ بلکہ بہتر یہ ہے کچھ عرصہ ہسپتال ہی میں قیام کریں۔ لیکن وہ ڈاکٹروں کو یہ کہنے کے بعد گھر آ گئے۔ کہ آپ کے مشوروں پر عمل کرنے کی حتی الامکان کوشش کروں گا مجھے معلوم ہوا۔ افتخار ملت کو دل کا شدید دورہ پڑا تھا مگر الحمد اللہ جان لیوا ثابت نہیں ہوا آپ گھر آ گئے ہیں۔ میں نے "مرزا محمد لطیف" کو اس سانحہ کے بارے میں بتایا وہ حضرت کے عاشق زار ہیں کہنے لگے عیادت کے لئے ابھی چلیں۔ تفسیر کبیر کے ترجمہ کی پہلی جلد ساتھ لی اور شہزادہ منزل طارق آباد پہنچ گئے۔ عزم و جرات کے کوہ گراں نے ہمیں دیکھا تو پوری قوت سے صوفے پر اٹھ کر بیٹھ گیا۔ چہرے پر نقاہت کے باوجود ایک پروقار بشاشت موجود تھی ہمیشہ کی طرح مسکرا کر بیٹھے ہی بیٹھے والہانہ استقبال کیا بیٹھے ہی بیٹھے معانقہ بھی فرمایا میں نے کہا آپ کو تفسیر کبیر کے حوالوں سے عشق تھا میں نے اسے اردو میں منتقل کرنا شروع کر دیا ہے اور ساتھ ہی آپ کا نام لکھ کر کتاب نذر کر دی۔

کتاب کو چوم کر سر پر رکھا بچوں کو آواز دی ایک بچی حاضر ہوئی فرمایا۔ میرا پرس کہاں ہیں اور پھر دو سرخ نوٹ نکال کر فرمایا لے لیں۔

میں نے عرض کیا! حضرت کتاب نذر کی ہے فروخت نہیں کی۔ خوب زور سے ہنس کر فرمایا میں بھی تو نذر ہی پیش کر رہا ہوں۔

تکلیف کے بارے میں پوچھا تو فرمایا! تکلیف تو ہے مگر مزہ آ گیا۔

marfat.com

پوچھا کس بات کا؟

فرمایا ڈاکٹروں نے ہلنے جلنے سے منع کر دیا تھا اور بطور خاص وعظ نہ کرنے کی ہدایت کی تھی مگر ہسپتال سے نکلتے ہی میں نے ڈرائیور سے کہا گاڑی کا رخ منصور آباد کی طرف کر لو۔ ساتھی حیران تھے میں نے کہا! یار ساری زندگی کملی والے دے ناں دا ہوکا دتا اے ہو سکدا اے میرا آخری خطبہ ہووے میں اج جمعہ ضرور پڑھانا ایں۔

محمدؐ عربی کے اس مجاہد کے جذبات کو الفاظ میں تو نہیں ڈھالا جا سکتا۔ تاہم ایک ثانئے کے لئے جسم کپکپا کر ضرور رہ گیا۔

پوچھا جماعت ہی کرائی تھی یا وعظ بھی کیا تھا؟

فرمایا وعظ جیسا وعظ خوب ڈٹ کر وعظ کیا یہ خطبہ میں نے خاص طور پر سرکار کو خوش کرنے کے لئے دیا تھا پھر فرمایا ڈاکٹروں کے علاج سے تنگ آگیا ہوں کسی ایسے شخص کا پتہ بتاؤ جو روحانی علاج کرتا ہو۔

عرض کی اتوار کی صبح کو آیات شفاء کے نقش لکھ دوں گا اسے پانی میں حل کریں اور پانی پی لیا کریں صاحبزادہ صاحب کے عاشق زار مولوی محمد صدیق صاحب اور صاحبزادہ ابرار الحسن صاحب اتوار کی صبح تشریف لائے تعویز لے گئے۔ پانچ ہفتوں کے تعویز تھے ختم ہونے کے بعد دونوں حضرات پھر تشریف لائے کہا جب سے تعویزات کا پانی پی رہے ہیں مسلسل رو بصحت ہو رہے ہیں مزید تعویز لکھدیں

صاحبزادہ ابرار الحسن نہایت ہونہار اور سمجھدار برخوردار ہے بہت

marfat.com

سے چکرا دینے والے سوالات یکے بعد دیگرے کرتا چلا گیا پتہ نہیں کب سے یہ سوالات جمع کر رہا تھا۔

میں نے حسب استطاعت جوابات دیئے تو بہت خوش ہوا بعد میں پتہ چلا ان جوابات سے مطمئن بھی ہے دعا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ اسے اپنے والد محترم کا صحیح جانشین بنائے۔

رخ بدلتے دیر نہیں لگتی۔ خدائے بحروبر ہر چیز پر قادر و غالب ہے وہ اپنی حکمتوں کو بہتر جانتا ہے۔

اگر وہ چاہے تو قطرے کو بحر بیکراں کر دے
اگر چاہے تو کانٹے کو بہار گلستان کر دے

اسے مشکل نہیں ابرار کو واعظ بنا دینا
اسے مشکل نہیں والد کی مسند پر بٹھا دینا

دوران گفتگو ایک لمحہ ایسا بھی آیا جب میں نے ابرار الحسن کو کہا ابرار بیٹے تیرا باپ مر نہیں سکتا وہ زندہ جاوید رہے گا۔ اس نے اپنی زندگی کو لازوال کر لیا ہے وہ کبھی نہیں مرے گا۔ کبھی نہیں۔ وہ شہید اعظم امام حسین علیہ السلام کا سچا غلام ہے۔ ہر شہید زندہ ہے پھر شہید اعظم کی اور سید الشہدا کی زندگی کیسی ہوگی ایسے زندہ جاوید لوگ اپنے غلاموں کو مرنے نہیں دیتے۔

تین چار ماہ بعد شہید اعظم اور سید الشہدا کا سچا غلام موت و حیات کی کشمکش میں ظاہر کی زندگی کی بازی ہار گیا۔ جنازے پر ہزاروں سوگوار جمع تھے

marfat.com

علی پور شریف سے صاجزادہ سید غلام مصطفیٰ شاہ صاحب اور صاجزادہ محمد اسماعیل شاہ صاحب جنازہ میں شامل تھے مشائخ عظام اور علماء کرام کا جم غفیر تھا۔ حضرت کے برادر گرامی صاجزادہ محمد یعقوب صاحب بیماری کے ایام میں بھی ساتھ ساتھ اب تصویر غم بنے ہوئے ایک ایک کا منہ دیکھ رہے تھے۔ شاید وہ اس کثیر اجتماع میں اسے تلاش کر رہے تھے جس کا جنازہ سامنے رکھا ہوا تھا۔ جنازے کا منظر دیکھنے پر کھل کر یہ بات سامنے آگئی تھی کہ جسے لوگ شہباز خطابت اور افتخار دین و ملت کہا کرتے تھے وہ فی الحقیقت محمد عربی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا سچا غلام تھا۔

امام حسین علیہ السلام کا سچا عاشق زار تھا۔

اہل بیت مصطفیٰ کا سچا حب دار تھا۔

صحابہ کرام کا سچا محب تھا۔

اولیاء عظام کا سچا مدحت سرا تھا۔

بلکہ یہ کیوں نہ کہہ دوں کہ وہ اولیاء کبار کی صف میں کھڑا تھا۔ ایسا ہی ہے جس نے اس ولیٔ کامل کے جنازہ کو دیکھا ہے وہ میری بات کی تصدیق کرے گا پھر قل شریف کی محفل کا انعقاد ہوا اس محفل میں بھی ہزاروں افراد شریک تھے ان میں مشائخ عظام بھی تھے اور اولیاء کرام بھی مرد قلندر کی محفل قل شریف میں نعت خوانی بھی ہو رہی تھی اور اشکباری کا سلسلہ بھی زوروں پر تھا۔ صاجزادہ منظور الکونین مولانا محمد سلیم صاحب کی ترتیب کے مطابق نعت خوان حضرات کو فرمائش نعت کر رہے تھے انہوں نے

marfat.com

خود بھی نعت پڑھی سردار حسین سردار، عبدالستار نیازی، مولانا محمد صدیق، سید مزمل حسین شاہ صاحب، محمد یوسف نقشبندی اور صاحبزادہ والا تبار کے خلیفہ صوفی مختار کے علاوہ اور بھی بہت سے حضرات نے ہدیہ نعت پیش کیا بعض نے صاحبزادہ کی منقبت بھی بیان کی مولانا محمد فاضل اور مولانا محمد سلیم نے مختصر تقریر بھی فرمائی مجھے بھی کچھ عرض کرنے کے لئے کہا گیا۔ حسب حال ایک ہی شعر کہہ سکا مزید پڑھنے کی تاب ہی نہ تھی شعر تھا!

چہرہ نور بھریا متھا چن ورگا
لبھو یار کدھروں میرے یار ورگا

واعظ ہون گے لکھاں جہان اندر
پر نہیں کتوں ملناں افتخار ورگا

اس چو مصرعہ کے یہ دو مصرعے مزید تھے جو شدت جذبات سے مغلوبیت کی بناء پر نہ پڑھ سکا تھا۔

پھلاں وانگ اتار دا دلاں اندر
اوہ کلام سی تیز تلوار ورگا

جاندا جدوں مقابلے وچ صائم
کلا شیر سی لکھ ہزار ورگا

استاذ العلماء شیخ التفسیر والحدیث حضرت علامہ مولانا غلام رسول

marfat.com

رضوی مدظلہ العالی نے دعا فرمائی محفل کے بعد صاحبزادہ ابرار الحسن سے فاتحہ خوانی کی تو دردو غم کی زد میں آیا ہوا ابرار میرے گلے لگ گیا دیر تک روتا رہا اور رلاتا رہا پھر میرے دونوں ہاتھ پکڑ کر کہنے لگا آپ نے مجھے کہا تھا کہ میرا باپ مر نہیں سکتا افتخار الحسن مرنے کے لئے نہیں زندہ رہنے کے لئے پیدا ہوا ہے پھر اب یہ کیا ہو گیا؟

ابرار کے ان جملوں نے بہت تڑپایا بھولے بھالے ابرار نے افتخار الحسن کی ابدی زندگی اور سرمدی حیات کو اس چند روزہ فانی زندگی پر محمول کر لیا تھا۔

میں نے کہا ابرار! میں نے سچ کہا تھا تیرا باپ نہیں مر سکتا۔ تو نے کیسے گمان کر لیا کہ وہ مر گیا ہے ارے یہ عارضی موت ہی تو دائمی زندگی کا پیغام بن کر آتی ہے۔

موت تجدید مذاق زندگی کا نام ہے
خواب کے پردے میں بیداری کا ایک پیغام ہے

ان مرنے والوں کی موت کو زندگی سے کٹ جانے پر گمان نہ کر۔

پھول بن کر اپنی تربت سے نکل آتے ہیں یہ
موت سے گویا قبائے زندگی پاتے ہیں یہ

پھر میں نے کہا ابرار کے باپ اور دین و ملت کے افتخار کو اس وقت موت آئے گی جب خاک کربلا کو موت آئے گی جب تک کربلا کی خاک زندہ ہے ابرار کا باپ نہیں مر سکتا۔ نہیں مر سکتا۔ جب تک مقامات نبوت کو ظاہر

marfat.com

کرنے والے لوگ پیدا ہوتے رہیں گے مقامات نبوت کا مصنف زندہ رہے گا۔

جب تک مقامات اولیاء کی متلاشی نگاہیں فیضان اولیاء سے مستفیض ہوتی رہیں گی۔ مقامات اولیاء کا مصنف زندہ و پائندہ رہے گا۔

شہباز خطابت کی جیتی جاگتی کتاب۔ زندگی اس کی ابدی زندگی کی روشن برہان ہے۔ مقامات صحابہ کی دلاویز اور ایمان افروز نشان وہی کرنے والا کیسے مر سکتا ہے۔ ابوبکر صدیق شہید زہر ہیں فاروق اعظم شہید خنجر ہیں۔ عثمان غنی شہید تیغ ہیں حیدر کرار مولا علی شہید خنجر ہیں۔ یہ سب شہیدوں کی جماعت ہے قرآن نے ان کی زندگی کا اعلان کر رکھا ہے۔ یہ تمام لوگ زندہ و پائندہ ہیں ان کی مدحت سرائی کرنے والا موت سے کیسے مر سکتا۔

مذکور فانی ہو گا تو ذکر بھی فناء آشنا ہو جائے گا۔ اور ذاکر کو بھی فناء ہونا پڑے گا۔

مذکور باقی ہو تو ذکر بھی باقی رہتا ہے اور ذاکر کو بھی بقاء دوام حاصل ہوتی ہے۔

اللہ تبارک تعالیٰ اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گستاخی کی سزا قرآن مجید میں جو خود خالق کائنات نے تجویز فرمائی وہ ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دینا ہے ابولہب کو بھی گستاخی رسول پر ہاتھ ٹوٹ جانے کی وعید سنائی۔

اس کے بعد جہنم کی سزا ابھی باقی ہے۔ سنت الٰہیہ پر عمل کرتے

marfat.com

ہوئے گستاخ رسول کی سزا صاجزادہ صاحب نے قرآن و سنت سے بیان کی ہے۔ گستاخان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے وہی ٹکرا سکتا ہے جو محبت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں اس حد تک سرشار ہو کہ محبوب کے تقدس کی حفاظت کے لئے اپنی جان کی بازی لگا دے محبوب کے نام پر مرمٹنے والا شخص مر نہیں سکتا محبوب کے نام جو زندگی لگا دی جاتی ہے اسے دوام حاصل ہو جاتا ہے۔ اسے فناء آشنا نہیں کیا جا سکتا ہے۔ افتخار اس لئے زندہ رہے گا کہ وہ محبوب کے نام پر مرمٹنے والوں میں سے تھا۔

اسلام کی سرحدوں کی حفاظت کرنے والے اللہ کے شیروں کو خراج تحسین پیش کرنے والا ان شہیدوں کے ساتھ ہو گا جنہوں نے اپنی زندگیاں خدا کے نام پر نثار کر دیں۔ "اللہ کے شیر کتاب ہی نہیں پیغام جہاد بھی ہے شیر خدا اسد اللہ الغالب کے سپاہیوں اور سچے جانثاروں کی ابدی زندگی کی داستان ہے یہ داستان رقم کرنے والا کیسے مرے گا وہ ان کے ساتھ ہو گا جن کے ساتھ اسے محبت ہے **المرء من احبہ** حدیث **مصطفیٰ** میں یہی حقیقت بیان کی گئی۔

نسبت باعث جنت ہے یہ صاجزادہ کی تصنیف بھی ہے اور حقیقت بھی سرکار لاثانی سید جماعت علی شاہ کا رحمتہ اللہ علیہ کی نسبت حاصل کر لینے کے بعد جنت ہی تو ملے گی اہل جنت کی زندگی **خالدین فیھا معہ** وہاں موت نہیں وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ وہاں موت کہاں ہے وہاں تو زندگی ہی زندگی ہے صاجزادہ زندہ ہے۔ مہر عربؐ اور ماہ کنعان کی ضیاپاشیوں سے منور ہونے

marfat.com

والوں کی قبروں میں اندھیروں کا کہاں گزر ہے۔

افتخار الحسن کی قبر زندہ رہے گی اس لئے کہ وہ شہزادوں کی لباس میں ایک غیرت مند درویش اور ایک صاحب دل فقیر تھا۔

نام فقیر تنھاں دا باہو قبر جنھاں دی جیوے "ھو"

کفر یزید کے نام پر مرگ یزید کا سامان فراہم کرنے والا کیسے مر سکتا ہے۔ امام حسین علیہ السلام کی شہادت نے یزید کو مار دیا۔ افتخار الحسن کی کتاب کفر یزید نے یزید نوازوں کا قلع قمع کر ڈالا۔

قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

یزیدیت کے ساتھ ٹکرانے والے لوگ مرا نہیں کرتے بلکہ وہ خود بھی زندہ رہتے ہیں اور امام حسین علیہ السلام کے مشن کو بھی زندہ رکھتے ہیں۔

صاحبزادہ افتخار الحسن فرد واحد نہیں ایک کثیر و عظیم جماعت کا نام ہے وہ سیدنا جماعت علی شاہ لاثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مقدس جماعت میں شامل ہو کر خود بھی ایک جماعت بن گیا تھا۔ اس کے قبلہ و کعبہ سیدنا علی حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں لوگ کہا کرتے ہیں۔ نادان نہیں جانتے کہ علی حسین کا غلام علی اور حسین کی بات نہیں کرے گا تو اور کس کی کرے گا۔

لالہ سائیکل ورکس جھال خانوانہ (ستیانہ روڈ) سے ایک بزرگ پسرم محمد لطیف ساجد کو ملے تو بتایا کہ صاحبزادہ صاحب ایک مجلس میں ذکر حسین

marfat.com

علیہ السلام سنا رہے تھے اس مجلس میں دوران وعظ چودہ افراد بے ہوش ہوئے عزیزم نے مجھے یہ بات بتائی تو میں نے کہا اس نے چودہ افراد دیکھے ہوں گے حقیقت میں تو ان کے سامعین میں سے ایک کو بھی ہوش نہ رہتا تھا۔ سوائے ان مردہ دلوں کے جنہیں رحمت کی برسات بھی زندہ نہیں کر سکتی۔

بہرکیف! ہمارا افتخار زندہ ہے اس کے آواز زندہ ہے اس کی کیسٹیں زندہ ہیں اس کی تحریر زندہ ہے اس کی کتابیں زندہ ہیں۔ اس کو ہزاروں اولیاء سے ملنے والی تحسین و آفرین زندہ ہے اس کا مشن زندہ ہے اس کا رسول ہاشمی سے عشق زندہ ہے اس کی اہل بیت پاک سے عقیدت زندہ ہے اس کی صحابہ و اولیاء کرام سے محبت زندہ ہے۔ اسلام کی سربلندی کے لئے شب و روز کی جانے والی اس کی محنت زندہ ہے ختم نبوت کے سلسلہ میں کی جانے والی اس کی خدمت زندہ ہے۔

صاحبزادہ افتخار الحسن کا ہر اعزاز زندہ ہے ہر افتخار زندہ ہے اس کا پیار زندہ ہے پھر سب سے بڑی بات یہ کہ اس کے مشن کو آگے بڑھانے والا اس کا ابرار زندہ ہے۔

ابرار بیٹے اپنے باپ کو مردہ نہ تصور کرو اس کے مشن کو آگے بڑھاؤ اس کی روح ہر قدم پر تمہاری راہنمائی کرے گی اس کے مشن کے پیش نظر خدا سے دعا کرو۔

marfat.com

جو یزیدوں سے بچالے حرمت اسلام کو
پھر حسینؓ ابن علیؓ جیسا جیالا چاہئے

صحابہ کرام کے دشمنوں سے کہا کرو۔

کر سکو گے کس طرح ان سے صحابہ کو جدا
گرد مثل چاند کے تاروں کا ہالہ چاہئے

اولیاء کبار سے عداوت رکھنے والوں کو بتاؤ

دشمنان مصطفیٰ ہیں دشمنان اولیاء
دشمنان اولیاء کا اب ازالہ چاہئے

وما علینا الا البلاغ

صائم چشتی
۱۷-۸-۹۲

marfat.com

شان قرآن

تقریر ہو چکی ہے خطیبِ پاکستان قاضی منظور صاحب نے کھُل کر بیان کیا بہت لُطف آیا اس کے بعد جو تضمین حضُور کے نام پر مولانا صاحب نے کی ہے وہ بھی قابلِ تحسین ہے۔

اب تھوڑا سا درس سن لیں۔ دستاربندی کا انتظام کرنے والے اور معاونین حضرات کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ اور جن حفّاظ کی دستاربندی ہو رہی ہے انہیں بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

دستاربندی کا تعلق امام الانبیاء حضُور اکرم سرورِ کائنات صلیؐ اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معراج پاک سے بھی ہے۔

کائنات کا والی علیہ السلام جب براق پر سوار ہونے لگا تو جبرئیل علیہ السلام نے عرض کی آقا ذرا ٹھہر جا فرمایا کیوں؟ عرض کی سوہنیا میں اک پگ آندی اے، اک دستار آندی اے، فرمایا کتھوں آندی آ، فرمایا رضوان جنت کولوں۔

فرمایا ایہہ کدوں دی اے؟

جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیتی آقا رضوان کولوں پچھو کائنات دے والی نے آواز ماری

marfat.com

اے جنت دے دربان؟ عرض کیتی آقا حکم

فرمایا۔ ایہہ پگ کدوں دے اے؟

عرض کیتی آقا۔ آدم دی تخلیق توں ست ہزار سال پہلاں دی اے تے چالی ہزار فرشتہ تیری پگ دا طواف کردا اے دستار بندی کا تعلق امام الانبیاء کے معراج پاک سے بھی ہے

فرمایا جبرئیل' ایہدے ول کنے نیں

جبرئیل نے عرض کیتی آقا چار

میں سمجھیا ایہہ ایس واسطے کے نبی دے یار وی چار نیں

درود شریف الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

فرمایا ایہدے ول کنے نیں جبرئیل نے عرض کیتی آقا چار فرمایا ذرا کھول تے سہی

جبرئیل نے پہلا ول کھولیا تے لکھیا سی محمد نبی اللہ' دوجا کھولیا تے محمد رسول اللہ' تیجا کھولیا تے لکھیا محمد حبیب اللہ' چوتھا کھولیا تے لکھیا محمد خلیل اللہ دستار بندی کا تعلق نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معراج پاک سے بھی ہے۔ (میری بات کو سمجھو ذرا غور سے)

حافظ قرآن مجید کی شان۔

جلسہ ہے دستار بندی کا' قرآن مجید کی حفاظت' قرآن مجید کی بقاء' قرآن مجید کے تحفظ کے لئے جس کے سر پر پگڑی بندھ جائے دنیا کی کوئی قوت

marfat.com

دنیا کی کوئی طاقت اس پگڑی پر ہاتھ نہیں ڈال سکتی کیوں؟ اس کی نسبت قرآن سے ہے۔

امام الانبیاء صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا۔

جہڑا بچہ قرآن یاد کردا مرجائے اجے پورا یاد نہیں کیتا۔ خداوند تعالیٰ اوہدی قبروچ فرشتہ مقرر کردیندا اے اہنوں قبروچ قرآن پڑھا

کملی والے فرمایا جیہڑا بچہ قرآن یاد کردا مرجائے اجے پورا یاد نہیں کیتا تے مرگیا اے اوہدی قبروچ خدا تعالیٰ فرشتہ مقرر کردیندا اے اہنوں قبر وچ قرآن پڑھا اوئے پاگلو ساڈیاں تے قبراں دی جنت بن جاندیاں نہیں پھر قبر قبر میں فرق ہے۔

کائنات کے والی نے فرمایا کچھ قبریں ایسی ہیں جو جہنم کا گڑھا بن جاتی ہیں۔ اور کچھ قبریں ایسی ہیں جو جنت کا باغ بن جاتی ہیں۔

اسیں قبراں تے جاندے آں ایس کرکے کہ ایہہ جنت دا باغ اے تہاڈیاں جہنم والیاں نے تسیں جاندے تاں نہیں۔

ایک جنت خدا نے بنائی ایک میرے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے بنائی **جنت تجری من تحتھا الانھر** ایہہ خدا نے بنائی۔ **مابین بیتی و منبری روضتہ من ریاض الجنتہ** ایہہ مصطفیٰ نے بنائی کملی والے نے فرمایا میرے حجرے سے لے کر میرے روضہ مقدس تک زمین کا ٹکڑا جنت کا باغ ہے ایہہ کس نے بنائی مصطفیٰ نے۔

میں عرض کیتی یا اللہ جنت بنائی کہدے لئی۔ فرمایا' تیرے لئی۔ تے

marfat.com

دیسو فیر۔ آہندا اے نہیں پہلوں تیری جان لواں گا۔ فیر تیرا حساب لواں گا۔ جے کامیاب نکلیوں تے لے لیس۔ مدینیوں آواز آئی افتخار رب دے پچھے پے گیا ایں۔ آ مدینے آ جا نہ جان تے نہ حساب۔

فرشتوں کی روضہ انور پر حاضری

ہر روز ستر ہزار فرشتہ نیت کر کے طلوع سورج توں پہلاں امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دے روضے تے آوندا اے ہزاراں سال گزر گئے یا اللہ جیہڑی جنت توں بنائی اوہدے وچ ہندیاں اوہ دوی و یکھن دے جیہڑی تیرے یار نے بنائی اے میں نبی دے روضے تے جاواں تے فتوی لگ دا اے مشرک (پاگلو فرشتیاں نوں تے مسلمان رہن دیسو)

دیکھئے صبح جج ہے سعودی عرب کے دل میں پتہ نہیں یہ کیسے خیال آیا شاید ایران سے ڈر گئے حج اکبر کا اعلان کر دیا۔ سعودی عرب کا اعلان اور حج اکبر کا؟ واہ کملی والیا ایہہ تیرا اعجاز ہے یہ حج! حج اکبر؟ ہندا اے اپنا اپنا عقیدہ۔ اپنا اپنا ذہن۔ اپنا اپنا مسلک میرا اک اپنا عقیدہ اے۔ رب تعالیٰ نے حج فرض ای ایس واسطے کیتا اے کہ سوہنیا جتھے توں پھر رہیا ایں اوتھے تیری امت نوں پھر دیاں ویکھاں۔ ورنہ اوتھے جاؤ تے اوتھے جاؤ ایہہ مزدلفہ' تے اوہ منا' آہ عرفات' اپنے پھیرے مروان دی لوڑ کی ایہہ طواف کردا تے گھر نوں جاندا۔

خانہ کعبہ کی تعمیر کے بعد یا اللہ چھٹی' جواب آیا نہیں' عرض کیتی کیوں؟ حکم فرمایا میرا اک کم ہور کر جا۔ صفا پہاڑی تے چڑھ جا۔ تے تمام

marfat.com

نسل انسانی نوں حج دا پیغام دے دے۔

عرض کیتی یا اللہ میں تے اک معمولی انسان آں۔ "خلیل تو تیرا ہوں" یہ کائنات تک میری آواز کیسے پہنچے گی۔ فرمایا آواز توں دے دیہہ پچاواں گا میں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام صفا دی چوٹی تے چڑھ گئے تے آواز دتی **یا ایہا الناس**

اے دنیا میں رہنے والو خداوند تعالیٰ نے تم پر حج فرض کیا۔

میں نے عالم تصورات میں عرض کی یا اللہ تیرے حج دا اعلان ایں تیرے کعبے دے طواف دا اعلان ایں آپے ای کر دوں ایہدے کولوں کیوں کروایا ای؟

جواب آیا ایہہ ایس لئی تاکہ غیر اللہ نوں پکارنا جائز ہو جائے" **یا ایہا الناس" یا ایہا الناس** سب شامل ہندو وی' عیسائی وی' یہودی وی' پوری نسلِ انسانی غیر اللہ کو پکارنا شرک ہے تو ابراہیم علیہ السلام کو کیا کہو گے؟

زمین اور آسمان کی ہر چیز نے نبی کی آواز کو سنا حتی کہ جو بچہ اپنی ماں دے پیٹ وچ تے اپنے باپ دی پشت وچ سی اوس نے وی جواب دتا۔ یا ابراہیم میں حاضر آں

پیغمبر آواز دیوے تے بچہ ماں دے پیٹ وچ سن کے جواب دیوے میں حاضر آں تے اسیں پکاریئے تے نبی نہ سنے تے نبی کاہدا یار؟

جھگڑے کی بات نہیں گھر اللہ دا بنایا غیر اللہ نے۔ دیوار اچی ہو گئی

marfat.com

تے خلیل دا ہتھ نہیں پہنچدا آواز آئی ایس پتھر تے چڑھ کے اتاں لاؤ۔ اج
تک اوس پتھر تے ابراہیم علیہ السلام دے قدماں دے نشان نیں۔
تعمیر کے بعد نبی خاموش ہے مگر خدا بول پڑا اے دنیا میں رہنے والو۔
یہ پتھر جس پتھر پر میرے خلیل نے کھڑے ہو کر کعبہ تعمیر کیا یہ دنیا
کے لئے پتھر ہے مگر تمہارے لئے مصلیٰ ہے جائے نماز جائے نماز
پتھر حضور کو سلام کہتے ہیں۔
دیکھئے کائنات دے والی علیہ السلام خانہ کعبہ دا طواف کر دیاں کر
دیاں حجر اسود دے کول آئے تے پھیر حجر اسود نوں چم لیا۔ (ایہہ ہتھ نہیں
چمن دیندے)
صحابہ نے عرض کیتی یا رسول اللہ ایس پتھر نوں کیوں چمیاں حضور
نے فرمایا میری بعثت توں پہلاں ایہہ پتھر مینوں سلام آہندا سی۔ اوہ تے پتھر
سی اسیں تے امتی ہاں یار؟
مسئلہ یہ ہے کہ میرے کعبے دا طواف کرنا ایں تے حجر اسود توں
شروع کریں۔ بہتر تے ایہہ وے کہ چم کے کرے اگر جے چم نہیں سکدا تے
تین واری اشارا تے کر
یا اللہ ایہہ کیوں؟ ایہہ ایس واسطے کہ ایہہ میرے یار نوں سلام آہندا رہیا
اے میں قیامت تک اینوں سلام کرواواں گا۔
یہ پتھر کہاں سے آیا عالم ارواح میں ایک آواز آئی جبرئیل یا اللہ حکم
تمام نسل انسانی دیاں ارواح نوں جمع کر ہندو، مسلم، عیسائی، یہودی سب جمع کر

marfat.com

تمام نسل انسانی دیاں روحاں دربار خدا وچ حاضر۔ پچھیا یا اللہ سانوں کیوں بلایا؟

رب آکھیا اک سوال کرنا ایں۔ دیوجواب

اوہناں آکھیا یا اللہ کر سوال

فرمایا' **الست بربکم** کیا میں تہاڈا رب نہیں؟ کوئی جواب نہیں پھر آواز دتی **الست بربکم** جواب دیوں میں تہاڈا رب نہیں؟ کوئی جواب نہیں سب خاموش' اوہ جواب تے کوئی تاں دیوے جے کوئی رب دی بولی سمجھے تے جیہڑے سمجھدے نے تے اوہ وی منتظر نے کے ہور دے۔ سوال ہویا **الست بربکم** جواب آیا **بلی** تے جس نے سب توں پہلے **بلی** کہا وہ محمدؐ کی ذات تھی۔ آواز آئی سوہنیا چنگا کیتا ای۔ سوہنیا جے توں نہ آہندوں' مینوں کے نیں سی منناں

سورۃ احزاب۔ پہلا ہاں کیتی اے' حضور نے جواب دتا کیتی اے

خدا نے فرمایا۔ پہلاں عہد وی توں ای کرلے

واذا اخذنا میثاق النبین میثاقھم ومنک ومن نوح ومن ابراھیم و موسی و عیسی ابن مریم

پہلا ہاں کیتی آ تے پہلا عہد وی توں ای کر

خدا نے آکھیا' ہتھ باہر کڈھ' نبی نے ہتھ باہر کڈھیا تے سوال کیتا یا اللہ توں وی ہتھ باہر کڈھ خدا نے فرمایا میرا ہتھ ای نہیں۔

(میرے پاس تو نکات ہیں آواز نہیں)

marfat.com

بجا ہوا ساز کہاں سے لاؤں

بوڑھا ہوں آواز کہاں سے لاؤں

(نہ کوئی شعر نہ کوئی شاعری نہ کوئی دوہڑا نہ کوئی ماہیا' ۴۵ سال گزر گئے میدان خطابت وچ تے مقبول لائل پوروی نہیں بن سکیا)۔

اللہ کا ہاتھ نبی کا ہاتھ

پہلا آواز وتی تے پہلا عہد وی توں کر عرض کیتی کیویں؟ اپنے ہتھ تے دوجا ہتھ رکھ لے (حق)

اوہدا ہتھ رب اپنا ہتھ آکھے

ہووے کافر جیہڑا وکھ آکھے

اسلام دی تے کفر دی پہلی جنگ اے یا اللہ ہن میں کی کراں؟

اللہ تعالٰی نے فرمایا' ایس میدان چوں روڑے لے کے تے مار ایہناں کافراں ول

کائنات دے والی نے روڑے لئے تے کافراں ول مارے اللہ تعالٰی نے فتح عطا فرمائی ہن نبی چپ اے خدا بول پیا۔

وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی

کملی والیا روڑے توں نہیں مارے میں مارے

اوہ آہندا اے میں مارے۔ ایہہ آہندا اے میں مارے' دس او ملاں کیہنے مارے؟

ا۔تھے ای فیصلہ کرلے۔ مینوں پتہ مارے نبی نے۔ تینوں پتہ اے مارے نبی

marfat.com

نے

پر میں کسے نوں ایہہ نہیں کہن دیندا کہ توں مارے

اوہدا ہتھ رب اپنا ہتھ آکھے
ہووے کافر جیہڑا وکھ آکھے

تیری میں عظمت توں قربان جاواں۔ ایہہ تماشہ کی' ایہہ سلسلہ کی' ایہہ فلسفہ کی' سوہنیا مارے توں ای نیں پر میں کسے نوں ایہہ نہیں کہن دیندا کہ توں مارے نہیں یا اللہ کیوں؟ اور ایس لئی کہ کافر آکھن گے کہ دعوی کر دا اے کہ میں ساری دنیا لئی رحمت بن کے آیاں تے مار دا پھرا اے۔

کملی والیا مارے تے توہیوں نے پر میں کسے نوں تیرا ناں نہیں لیں دیندا یا اللہ کیوں؟ کافر طعنہ مارن گے کہ ایہہ دعوی کردا اے میں ساری دنیا لئی رحمت بن کے آیاں تے مار دا پھرا اے۔ سوہنیا جیہڑ الزام تیرے تے اوناں ایں میں اپنے تے لے لاں گا۔ پر تیری رحمت دی چادر نوں داغ نہیں لگن دیہاں گا۔

اوہدا ہتھ رب اپنا ہتھ آکھے
ہووے کافر جیہڑا وکھ آکھے

حجر اسود اللہ کا ہاتھ ہے؟

حجر اسود پتھر ہے جو جنت سے جبریل لایا کملی والیا ایہہ ای پتھر تے ایہدے تے ہتھ رکھ لے ایہنوں میرا ہتھ سمجھ لے۔

اوہ پتھر نوں ہتھ کہہ رہیا اے تے توں نبی نوں بشر کہہ رہیا ایں (حیاء نہیں

marfat.com

اونداں)

فرمایا الحجر الاسود یمین اللہ حجراسود اللہ کا ہاتھ ہے۔

کے والیاں مدینے والیاں تے تیری بیعت کر لئی۔ امت تیری قیامت تک اے۔ جیہڑا ایس پتھرنوں چُمے گا تیری بیعت ہو جائے گی۔

شیطان جنوں میں سے ہے۔

نبی دی ولادت توں پہلاں جن پہلے آسمان تے جاندے ہوندے سن۔ جن واسطے لفظ شیطان دی اے۔ شیطان جنوں میں سے ہے بولو شیطاں جنوں میں سے ہے۔

امام الانبیاء دی ولادت توں پہلاں جن پہلے آسمان تے جا کے تے گلاں سن کے زمیں تے دس دے سن کائنات دا والی پیدا ہویا تے جناں دا آسمان تے جاناں بند ہوگیا (تاہیوں تے بھتے زمیں تے آ گئے نیں)

(میں کے زمانے وچ جن کڈھن دا بڑا استاد ساں کیونکہ میرا مرشد پیر سید جماعت علی شاہ لاثانی علی پوری رحمتہ اللہ علیہ نیں۔ جدوں جناں حضرت صاحب داناں لے کے باہنہ پھڑنی جن نکل جانا۔ ہن میں چھڈ دتا اے لوک جھگڑے نے کیوں؟ بھئی ایہہ پاکستانی جن نیں ایہہ بھاویں سورت مزمل پڑھے فیروی نہیں جاندے)۔

بحرحال جب جنوں کا آسمان پر جانا بند ہوا۔ اوس نے اپنے چیلیاں نوں بلا کے آکھیا پتہ تے کرو ساڈا آسمان تے جاناں بند کیوں ہو گیا؟ اوہ جیہڑا آخری نبی اوناں سی کتے اوہ تے نہیں آ گیا؟۔

marfat.com

جن مسلمان ہو گئے۔

ادھر کائنات کا والی علیہ السلام صحابہ کی جماعت کے ساتھ کھجور کے نیچے صبح کی نماز پڑھ رہا ہے۔ سورت مزمل کی تلاوت جاری ہے۔

وہ تلاش کرتے کرتے یہاں آئے۔ انہوں نے امام الانبیاء کی زبان سے قرآن مجید سنا اور اپنی قوم کے پاس گئے۔ اوہناں پچھیا کی پتہ کرکے آئے او؟

اوہنا آکھیا **قالو انا سمعنا قران عجبا**

آج ہم نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے عجیب قرآن سنا **قالو امن بہ یھدی بہ** مصطفیٰ کی زبان سے قرآن سن کر ہم ایمان لائے۔ بتانا یہ ہے اے مکے کے کافرو۔ اے ابولہب' اے ابوجہل' اے عتبہ' اے سفیان میری وہ مخلوق جو کسی کو نظر نہیں آتی وہ محمد کی زبان سے قرآن سن کر ایمان لے آئے (تہانوں کی ہو گیا اے)۔

حافظ قران کی شان۔

قیامت کے دن داؤد علیہ السلام صاحب لحن داؤدی مشہور ہیں خدا تعالیٰ فرمائے گا یا داؤد۔ حضرت داؤد عرض کرنے لگے یا اللہ حکم

خدا فرمائے گا ذرا اپنی سوہنی آواز وچ مینوں زبور تے سنا

ادھر حافظ قرآن سے کہا جائے گا۔ حافظ جی'

یا اللہ حکم؟ توں وی میرے سامنے کھلو کے

قرآن سنا جس طرح دنیا وچ ترتیل نال پڑھدا سیں ایسے طراح کھلو کے سنا

marfat.com

اودھر نبی ایدھر نبی دا امتی
میں زبور کولوں پچھیا توں دنے آئی ایں کے راتیں؟
زبور چپ
میں توریت کولوں پچھیا توں دنے آئی ایں کے راتیں؟
توریت چپ
میں انجیل کولوں پچھیا توں دنے آئی ایں کے راتیں؟
انجیل چپ

میں قرآن کولوں پچھیا توں دنے آیاں کہ راتیں؟ قرآن بول پیا **انا انزلنه فی لیلته القدر** میں راتی آیاں تے جس راتیں میں آیا واں اوہ عام راتاں ورگی نہیں' اوہ لیلتہ القدر اے بڑی قدر والی رات جس رات قرآن آوے اوہ بڑی قدر والی رات تے جس رات قرآن والا آوے؟

اسی لئے فقہا نے لکھا ہے کہ

لیلته المولد افضل من لیلته القدر

امام الانبیاء کے پیدا ہونے کی رات قدر کی رات سے افضل ہے۔

کیوں؟ اس رات قرآن آیا ایس رات قرآن والا آیا حضرت جی فیر نبی قرآن دے پچھے نہیں چلیا قرآن نبی دے پچھے چلیا اوہدی وجہ اے۔ جے نبی مکے' تے سورتاں مکی۔ جے نبی مدینے' تے سورتاں مدنی۔ (حق) **وما علینا الا البلاغ المبین**

marfat.com

شان اولیاء

حضرات محترم قابل قدر مائیو بہنو۔

شہنشاہ بغداد پیران پیر حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظمت و شان کے موضوع پر جو سلسلہ تقاریر شروع کر رکھا ہے۔ اس کی یہ آج تیسری تقریر ہے تیسرا بیان ہے آپ کے حسن عقیدت، حسن ذوق، حسن شوق کی داد دیتے ہوئے آج بھی حضرت غوث پاک کی عظمت کا بیان ہو گا۔ خداوند تعالیٰ آپ کی حاضری قبول منظور فرمائے۔

سب اولیا سے افضل غوث اعظم ہیں۔

تمام مفسرین و محدثین و محققین کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ جتنی تعداد اس دنیا میں انبیاء کرام علیہ الصلوۃ والسلام کی ہوئی اتنی ہی تعداد اولیائے کرام کی بھی ہوئی۔ یہ تمام علمائے کرام کی اور علمائے حق کی متفقہ رائے ہے۔ اس نسل انسانی کی ہدایت کے لے ایک لاکھ چوبیں ہزار نبی آئے۔ اور یہ ہے بھی صحیح تو! پھر یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ نبوت کے بعد اس نسل انسانی کی ہدایت کے لئے اک لکھ تے چوی ہزار ولی وی آئے۔

جہاں تک انبیاء علیہم السلام کا تعلق ہے ان میں سے ہمارے نبی

marfat.com

پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان سب سے افضل ہے۔ اور جہاں تک ولایت کا تعلق ہے تو سب ولیوں سے زیادہ شان ہمارے غوث کی ہے۔

اولیائی تحت قبائی۔

مولانا اشرف علی تھانوی نے اپنی کتاب امداد المشتاق میں بھی اور ہمارے علمائے کرام نے بھی اور محدثین نے بھی ایک حدیث قدسی نقل فرمائی ہے۔ کہ خداوند تعالیٰ نے فرمایا۔ **"اولیائی تحت قبائی" کہ میرے اولیائے کرام میری رحمت کی چادر میں چھپے ہوئے ہیں۔ اولیائی تحت قبائی لا یعرفھم الا سوائی**

میرے اولیاء کرام میری رحمت کی چادر کے نیچے چھپے ہوئے ہیں اور میرے سوا انہیں کوئی نہیں پہچانتا۔

کیا مطلب۔ یا اللہ تو نے اپنے اولیائے کرام کو اپنی رحمت کی چادر میں کیوں چھپا کے رکھا ہے۔ (میری بات کو ذرا غور سے سنو یار)

فرمایا! اس لئے کہ جس طرح نبیوں کی مخالفت کر کے لوگ جہنمی بن گئے۔ ایسا نہ ہو کہ میرے ولیوں کی مخالفت کر کے یہ دوزخی بن جائیں۔

ولی چھپے ہوئے ہیں۔

اس لئے میں نے اولیاء کو چھپا کے رکھا ہے۔ وہ چھپے رہیں گے نہ کوئی ان کی مخالفت کرے گا نہ وہ جہنم کی آگ کا ایندھن بنے گا میں نے ان

marfat.com

کو چھپا کے رکھا ہے۔ یہ جو ظاہری طور پر آپ لئے پھرتے ہیں۔ ان میں سے ہزاروں ایسے ہیں جو میری رحمت کی چادر میں چھپے ہوئے ہیں۔ اس لئے کہ

پی وانگوں دل دے اندر موتی بھید چھپاون

وہ کب ظاہر ہوتے ہیں وہ اپنے آپ کو ظاہر کرنے کے لئے آمادہ ہی نہیں ہوتے۔ وہ خود چھپے پھرتے ہیں کہ کوئی ہمیں نہ پہچانے۔

چل او بلھیا اوتھے چلئے جتھے ہوون سارے انھے
ناں کوئی ساڈی رمز پچھانے نہ کوئی سانوں منے

جیسا کہ امام الانبیاء سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خداوند تعالیٰ کی توحید' نبی کا معجزہ ولی کی کرامت ایک ہی دریا کی لہریں۔ ایک ہی پھول کی پتیاں ہیں۔

معجزہ اور کرامت۔

خداوند تعالیٰ کی توحید نبیوں کا معجزہ اولیائے کرام کی کرامات ایک ہی پھول کی پتیاں ہیں ایک ہی دریا کی لہریں ایک ہی سورج کی کرنیں ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

انی خالق بشرا میں بشر خلق کرنے والا ہوں **من طین** میں مٹی سے بشر پیدا کرنے والا ہوں۔ یہ ہے خدا کی توحید' نبوت آئی عیسیٰ علیہ السلام نے اعلان کیا میں نبی ہوں "یہودیاں آکھیا نبی ہون دی دلیل؟

marfat.com

عیسی نے آکھیا۔

میں مٹی وچوں پرندے بناندا ہاں۔ رب آہندا اے' میں مٹی وچوں پرندے بناندا ہاں۔ ایہہ آہندا اے میں مٹی وچوں پرندے بناوندا ہاں۔

اوہ توحید اے تے ایہہ معجزہ اے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ میں نے بشر کو پیدا کیا ہے مٹی سے ایہہ توحید اے

آگے آئی نبوت عیسی علیہ السلام نے فرمایا! میں پرندے پیدا کراں گا۔

یا اللہ توں کاہدے وچوں بندے پیدا کریں گا؟

فرمایا میں مٹی وچوں

عیسی علیہ السلام کولوں پچھیا توں کاہدے چوں پرندے پیدا کر دا ایں۔ فرمایا میں وی مٹی چوں۔ اوہ توحید اے تے ایہہ نبوت اے

نعرہ تکبیر اللہ اکبر نعرہ رسالت یا رسول اللہ

قرآن مجید کے الفاظ و معانی میں کوئی فرق نہیں۔ کوئی ملا مجھے بتا دے۔ نہ الفاظ میں فرق نہ معانی میں فرق **اخلق لکم طیرا** میں پرندے بناوندا اج دے گستاخ لوک آکھدے نے نبی مکھی نہیں بنا سکدا

اوہ کبوتر بنا رہیا اے اوہ چڑیاں بنا رہیا اے

طیرا اڑنے والے پرندے پیدا کرنا یہ ہے اہل نبوت کی دلیل

ایہہ آہندے نے اولیا کے پاس کچھ نہیں اور وہ مکھی نہیں بنا سکتے تے عیسی کبوتر بنا رہیا اے۔ اوہ بچہ جو ماں دے پیٹ چوں انھاں پیدا ہووے کوڑھی پیدا ہووے میرے کول لے آ کوڑھا میرے کول لے آ میں ہتھ

marfat.com

پھیراں گا تے شفا ہو جائے گی۔ یہ ہے نبوت۔

انھے نوں اکھاں دینیاں کوڑھیاں نوں شفا دینی۔ یہ ہے نبوت

وما تتخذون

جو تسی گھراں وچ چھپا کے رکھ دے او میں اوہنوں وی جان داہاں

اوہ کہندا اے میں عالم الغیب آں۔ **ھو علیم بذات الصدور عالم الغیب والشہادۃ**

یا اللہ اپنا تعارف کروا۔ فرمایا میں اعلم الغیب آں

عیسیٰ علیہ السلام جی اپنا تعارف کرواؤ میں بھی اعلم الغیب آں۔ وہ توحید ہے یہ نبوت اوہ تسی لوکو جو گھراں وچہ چھپا کے رکھدے اومینوں پتہ ہے۔ میں جاناں

کوڑھیاں نوں ول کرنا۔ شفا دینا غیب دیا خبراں دینیاں نبوت اے

اک بندا حضرت عیسیٰ نوں نبی تے آہندا اے پر اوہدے ہتھاں وچ شفا نہیں من دا۔ اوہنے عیسیٰ نوں نبی نیئں منیاں۔

اندھے کو بینا کر دیا۔

ہمارے پیرو مرشد، ہمارے ہادی و رہنما، جناب صاحبزادہ پیر سید علی حسین شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ میرا یہ دیکھا سنا فیصلہ ہے۔

ایک آدمی آیا امیر آدمی تھا حسین و جمیل خوبصورت بچہ لے کر آیا سلام پیش کیا حضور بچے کی آنکھوں کی بینائی نہیں ہے۔ حضرت صاحب نے فرمایا! اس

marfat.com

بچے نے میری طرف نہیں ویکھا اس نے عرض کی حضور ایہہ نابینا اے
حضرت صاحب نے فرمایا اسے میری طرف لاؤ
آپ نے بچے نوں گودی وچ لیا اکھا دل دھیان پایا تے آکھیا اکھاں تے بڑیاں سوہنیاں نے۔
دوسری دفعہ فیر فرمایا اکھاں تے بڑیاں سوہنیاں نیں۔
تیسری وار فیر فرمایا کہ اکھاں تے بڑیاں سوہنیاں نے جدوں ایہہ فرماتے بچے نے اکھاں کھول دیتاں۔ یہ ہے ولی کی کرامت
وہ ہے نبوت کا اعجاز یہ ہے ولی کی کرامت

میرے نبی دا جدوں ظہور ہویا
کنکر کلمہ حضور دا پڑھن لگ پئے
رکھ ٹرن لگ پئے گونگے بول اٹھے
پتھر پانیاں دے اتے ترن لگ پئے

گونگے کو زبان دے دی۔

میرے پیرد مرشد صاحبزادہ پیر سید علی حسین شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ چورہ شریف تشریف لے گئے جو ہمارا دادا پیر خانہ ہے۔ ابھی تک وہ بندہ موجود ہے جس کا بیٹا گونگا تھا وہ بچے کو لے کر صاحبزادہ پیر معصوم بادشاہ رحمتہ اللہ علیہ کے پاس گیا اور عرض کی حضور بچہ گونگا ہے بچہ گونگا ہے علاج کروائے ہیں لیکن کچھ پتہ نہیں چل رہا۔ حضرت صاحب نے فرمایا تینوں پتہ

marfat.com

لگا اے اودھر صاحبزادہ علی حسین شاہ صاحب بیٹھے ہوئے نے۔ عرض کیتی جی سرکار!

فرمایا! تے جاؤ فیر آپ کول لے جاؤ

ماں نے بچے نوں لیا گودی وچ تے صاحبزادہ علی حسین کول جا پہنچی

عرض کیتی حضور ایہہ بچہ گونگا اے۔ تے فیر مینوں کی آہناں ایس جا اوہ معصوم بادشاہ صاحب بیٹھے ہوئے نے اوہناں کول لے جا۔ جا ایہہ بچہ معصوم بادشاہ کول لے جا اوہناں آکھیا۔ یا حضرت! اوہناں تہاڈے کول گھلیا اے۔ اچھا میرا امتحان لین آئے او؟ اوہناں عرض کیتی حضرت اسیں نہیں جان دے تسی جانو تے اوہ جانن

پھیر آپ نے بچے نوں گود وچ لے کے تے اپنا لعاب دہن بچے دے منہ نال لایا۔ تے پچھیا؟ بچیا تیرا ناں کی رکھیا اے اوس عرض کیتی محمد دین ناں ایں سرکار (حق)

حضورؐ نے گونگے کو زبان دے دی۔

ابن ماجہ شریف دی روایت اے ایک عورت جب امام الانبیاء کے پاس آئی اور عرض کی حضورؐ میرا بیٹا گونگا ہے یہ بولتا نہیں فرمایا تھوڑا جیہا پانی لیا۔ عورت نے پانی آندا۔ حضورؐ نے کلی کرکے اوس پانی وچ پائی تے اوس بچے نوں پانی پلایا۔

فرمایا بچیا دس اوتوں کون ایں؟ وہ اعجاز نبوت یہ اولیائے کرام کی

marfat.com

کرامت وہ توحید یہ اعجاز نبوت خدا کی توحید نبی کا معجزہ۔
نعرہ تکبیر اللہ اکبر

غوث پاک کی کرامت۔

احی الموتی باذن اللہ اللہ کے حکم سے میں مردے زندہ کرتا ہوں غوث پاک کول اک عورت آئی یہ کہا یہ میرا بچہ آپ سے بڑی محبت رکھتا ہے۔ کیا چاہتی ہے؟۔ حضور اینوں اپنے مدرسے وچ داخل کر لوو فرمایا اینوں بٹھا دے طالب علماں وچ بچہ بہہ گیا۔

اک مہینے بعد آئی تے پچھیا یا حضرت میرا بچہ فرمایا طالب علماں وچ ویکھ بچہ بڑا کمزور ہو گیا سی تے غوث پاک آپ مرغی کھا رہے سن۔

عورت نے عرض کیتی حضور! آپ مرغی کھا رہے او تے میرا بچہ سکے ٹکڑے کھا کھا کے کمزور ہو گیا اے۔

آپ نے ہڈیاں کٹھیاں کیتیاں تے فرمایا قم مرغا اٹھ کے کھڑا ہو گیا آپ نے فرمایا! جدوں اے ایہہ ایس طرح کر لے گا۔ تے ایہہ وی مرغا کھا لے گا۔

نور حق پیدا شود اندر ولی
ولی کے اندر خدا کا نور پیدا ہوتا ہے

شیطان حضور کی شکل میں نہیں آ سکتا۔

marfat.com

یہ بخاری اور ترمذی کی حدیث ہے کہ کملی والے نے فرمایا

من رانی فی المنام فقدرانی جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا۔ کیونکہ شیطان میری مثل نہیں بن سکتا۔

شیطان وچ اینی طاقت نہیں کہ کسے نوں خواب وچ آکے آکھے میں تیرا نبی آں۔ اوہ کسے نوں خواب چہ آکے ایہہ تے کہہ سکدا اے میں تیرا رب آں ایہہ نہیں کہہ سکدا کہ میں تیرا نبی آں۔

ایہہ کہہ سکدا اے میں اللہ ہاں۔ ایہہ نہیں کہہ سکدا کہ میں محمد ہاں

شیطان قبر میں آتا ہے۔

بخاری شریف کی حدیث ہے۔

تمام محدثین امام ترمذی رحمتہ اللہ علیہ اور امام احمد رضا نے اپنی کتاب فتاوی رضویہ میں یہ لکھا ہے کہ جب میت قبر میں جاتی ہے تو منکر نکیر آ جاتے ہیں تو فرمایا کہ شیطان بھی آتا ہے۔ قبر میں شیطان بھی آ جاتا ہے جب فرشتے کہتے ہیں کہ تیرا رب کون ہے؟ شیطان اشارہ کرتا ہے کہہ دے میں تیرا رب ہاں جیہڑا قبر وچ تینوں گمراہ کرن لئی آ جاندا اے تینوں دنیا وچ چھڈ دوئے گا۔

حدیث کے الفاظ ہیں۔

شیطان کہندا اے کہہ دے میں رب آں تیرا

ایہہ شیطان دا آخری حربہ اے کہ ایہہ تے کہہ سکدا اے میں تیرا رب آں ایہہ نہیں کہہ سکدا میں تیرا نبی آں (**ویضل بہ کثیرا ویھدی بہ کثیرا**)

marfat.com

شیطان مرشد کی شکل میں نہیں آ سکتا۔

شیخ ابوالفتح رکن عالم بیٹھے ہیں مرید نے سوال کیا۔ حضور کیا شیطان مرشد کامل کی شکل اختیار کر سکتا ہے فرمایا نہیں۔ (عرض کیا آقا کیوں؟ فرمایا کیونکہ شیطان حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شکل نہیں اختیار کر سکتا اور اولیائے کرام حضورؐ کا ہی مظہر ہیں۔

اولیاءی تحت قبائی لا یعرف الا سوائی

میرے اولیاء میری رحمت کی چادر کے نیچے چھپے ہوئے ہیں میرے سوا انہیں کوئی نہیں جانتا۔ نبی کا معجزہ ولی کی کرامت ایک ہی پھول کی پتیاں ہیں ایک ہی سورج کی شعاعیں ہیں ایک ہی دریا کی لہریں ہیں کوئی فرق نہیں ان میں۔

حضور نے لاٹھی روشن کر دی۔

